قائداعظم ٹرافی فائنل: عمر اکمل اوراظہر علی کی سنچریوں کی بدولت سنٹرل پنجاب کی پوزیشن مستحکم

- سلمان بٹ اور بابراعظم کی نصف سنچریاں
- سنٹرل پنجاب کو پہلی اننگز میں212رنز کی برتری

لاہور،28دسمبر2019ء:

نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں جاری قائداعظم ٹرافی کے فائنل میں سنٹرل پنجاب نے ناردرن کے خلاف پہلی اننگز میں212 رنز کی برتری حاصل کرلی ہے۔ میچ کے دوسرے روز کھیل کے اختتام پر سنٹرل پنجاب نے 5وکٹوں کے نقصان پر 466 رنزبنالیے ہیں۔ عمر اکمل 123 اور ظفر گوہر9 کے انفرادی اسکور سے میچ کے تیسرے روز کھیل کا دوبارہ آغاز کریں گے۔

عمر اکمل کی یہ ایونٹ میں دوسری سنچری ہے۔اس سے قبل سنٹرل پنجاب کی جانب سے اظہر علی نےشاندار بلے بازی کرتے ہوئے ایونٹ کی تیسری سنچری اسکور کی۔ وہ 119 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔

میچ کے دوسرے روز سنٹرل پنجاب نے ایک وکٹ کے نقصان پر 87رنز سےاپنی پہلی اننگز کا دوبارہ آغاز کیا توسلمان بٹ48 اور اظہر علی 17 رنز بناکر کریز پر موجود تھے۔ دونوں کھلاڑیوں کےدرمیان دوسری وکٹ کے لیے 95 رنز کی شراکت اس وقت ٹوٹی جب سلمان بٹ 74 کے انفرادی اسکور پر موسیٰ خان کی گیند پر بولڈ ہوکر پویلین واپس لوٹ گئے۔

کپتان بابراعظم، سنٹرل پنجاب کی جانب سے چوتھے نمبر پر بیٹنگ کے لیے میدان میں اترے۔ انہوں نے سینئر بیٹسمین اظہر علی کے ہمراہ مثبت کھیل پیش کیا۔ اس موقع پر اظہر علی نے شاندار سنچری اور بابراعظم نے نصف سنچری اسکور کی۔ اظہر علی نے 212 گیندوں پر 14چوکوں کی مدد سے 119 رنز کی اننگز کھیلی۔ بابراعظم 89 گیندوں پر

69 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔ ان کی اننگز میں 9 چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔ دونوں کھلاڑیوں نے تیسری وکٹ کے لیے ٹیم کے مجموعے میں125 رنز کا اضافہ کیا۔

ابتدائی 3وکٹیں گرنے کے بعد سنٹرل پنجاب کی جانب سے ڈرائیونگ سیٹ عمر اکمل نے سنبھال لی ۔ انہوں نے پراعتماد بیٹنگ کرتے ہوئے میدان کے چاروں جانب خوبصورت اسٹروکس لگاکر اسکور بورڈ کو تیزی سے چلانا شروع کردیا۔ عمر اکمل نے عمدہ بیٹنگ کرتے ہوئے سنچری بنائی۔

عمر اکمل 12 چوکوں اور 5چھکوں کی مدد سے 123 رنز بناکر کریز پر موجود ہیں۔ انہوں نے اظہر علی اور کامر ان کمل کے ہمراہ بالترتیب 93 اور 98 رنز کی شراکت قائم کی۔ کامران اکمل 41 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔دن کے اختتام پر کریز پر موجود دوسرے ناٹ آؤٹ بیٹسمین ظفر گوہر ہیں۔ انہوں نے 9رنزبنالیے ہیں۔

ناردرن کی جانب سےکپتان نعمان علی 2 جبکہ حماد اعظم، موسیٰ خان اور صدف حسین ایک ایک وکٹ حاصل کرچکے ہیں۔

اس سے قبل ناردرن کی ٹیم میچ کے پہلے روز پہلی اننگز میں 254 رنزبناکر آؤٹ ہوگئی تھی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk